FREEZE YOUR RENT

NYC Department of Finance

DRIE معذوریوں کے حامل افراد کا کرایہ میں اضافہ سے استثناء
2019 پری کوالیفائنگ چیک لسٹ

براہ کرم مکمل کریں لیکن اپنی درخواست کے ساتھ جمع نہ کروائیں

کیا آپ DRIE کے لیے اہلیت رکھتے/رکھتی ہیں؟

براہ کرم مندرجہ ذیل سوالات کا جواب دیں:

- ☐ کیا آپ کی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ ہے؟
- ☐ کیا آپ مستحکم شدہ کرایہ والے، پابند کردہ کرایہ والے، مچل لاما، لمیٹڈ ڈیویڈنڈ، ری ڈیولپمنٹ، ہاؤسنگ ڈیولپمنٹ فنڈ کمپنی (HDFC) کوآپریٹو، سیکشن 213 کوآپریٹو، یا منضبط کردہ کرایہ والے ہوٹل/سنگل روم سکونتی یونٹ میں رہتے/رہتی ہیں اور نجی، NYCHA یا سیکشن 8 رہائش میں نہیں رہتے/رہتیں؟
- ☐ کیا آپ کا نام لیز پر یا رینٹ آرڈر پر موجود ہے یا آپ کو اپارٹمنٹ کے وراثتی حقوق عطا ہوئے ہیں؟
- ☐ کیا آپ کے اپارٹمنٹ میں رہنے والے تمام افراد کی 2018 میں مجموعی سالانہ آمدنی 50,000$ یا کم تھی؟
- ☐ کیا آپ اپنے گھرانے کی مجموعی ماہانہ آمدنی کے تیسرے حصے سے زیادہ رقم کرایہ پر خرچ کرتے/کرتی ہیں؟ (مزید معلومات کے لیے FAQ سوال 9 ملاحظہ کریں۔)
- ☐ کیا آپ ضمنی سیکیورٹی آمدنی (SSI)، سوشل سیکیورٹی معذوری کی آمدنی (SSDI)، سابقہ فوجی معاملات (VA) معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس، ریاستہائے متحدہ پوسٹل سروس (USPS) معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس، یا معذوری سے متعلقہ Medicaid وصول کرتے/کرتی ہیں؟

✔ **اگر آپ نے تمام سوالات کا جواب ہاں میں دیا ہے تو آپ DRIE کے لیے اہل ہو سکتے/سکتی ہیں**

! **اگر آپ اپارٹمنٹس کی ان اقسام میں سے کسی ایک میں رہائش پذیر ہیں تو آپ DRIE کے لیے اہل نہیں ہیں:**

NYCHA | **سیکشن 8** | **نجی گھر**

اس پیکٹ میں آپ کو کیا کچھ ملے گا

صفحہ 2: درخواست کی ہدایات: (اسے حوالہ کے لیے اپنے پاس رکھیں)

صفحات 3 سے 6: DRIE کی درخواست۔ یہ صفحات مکمل کریں اور دیگر تمام مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ جمع کروائیں۔

صفحات 7 سے 8: آپ کے گھرانے کی مجموعی سالانہ آمدنی کا شمار کرنے میں آپ کی مدد کے لیے ایک اختیاری آمدنی ورک شیٹ۔

صفحات 9 سے 13: کچھ اکثر پوچھے جانے والے سوالات۔

اگر آپ کو کسی معذوری کی بناء پر شعبۂ مالیات کی پیش کردہ کسی خدمت کے لیے درخواست دینے یا اس کی وصولی کے لیے، یا اس کے پیش کردہ کسی پروگرام میں شرکت کے لیے رہائش کی ضرورت ہے تو براہ کرم معذوری کی خدمت کے سہولت کار (Disability Service Facilitator) سے **nyc.gov/contactdofeeo** پر رابطہ کریں یا 311 پر کال کریں۔

درخواست کی ہدایات

سیکشن 1: درخواست دہندہ کی معلومات

بنیادی درخواست دہندہ کے لیے، اپنا پہلا اور آخری نام، تاریخ پیدائش، سوشل سیکیورٹی نمبر اور پورا پتہ لکھیں۔ اگر دستیاب ہوں تو پرائمری فون نمبر، سیل فون نمبر اور ای میل ایڈریس فراہم کریں۔ اگر آپ نے یا آپ کے گھرانے میں سے کسی نے ماضی میں DRIE کے لیے درخواست دی ہے تو چیک باکس کے استعمال سے اس کی نشاندہی کریں۔

بنیادی درخواست دہندہ کو لازماً معذوری کے کسی وفاقی بینیفٹ کا وصول کنندہ ہونا چاہیئے۔ تمام قابل اطلاق کی نشان دہی کے لیے براہ کرم دیئے گئے چیک باکسز پر نشان لگانا یقینی بنائیں۔

سیکشن 2: کرایہ دار کے نمائندے کی معلومات

پرزور صلاح دی جاتی ہے کہ تمام درخواست دہندگان کرایہ دار کا ایک نمائندہ نامزد کریں۔ آپ اپنے نوٹسوں کی نقل (اپنے علاوہ) کسی دوسرے شخص کو بھجوانے کے لیے بھی کہہ سکتے/سکتی ہیں۔

سیکشن 3: گھرانے کے افراد اور آمدنی

آپ (درخواست دہندہ) کو اپنی اور اپنے گھرانے کے تمام افراد کی 2018 کی مجموعی سالانہ آمدنی لکھنا ہو گی۔

درخواست دہندہ کی آمدنی کی معلومات

- آمدنی کے تمام ذرائع کی نشاندہی کرنے کے لیے آمدنی کے چیک باکسز استعمال کریں۔ اگر قابل اطلاق ہو تو آمدنی کے دیگر ذرائع کی نشاندہی کریں۔
- آمدنی ورک شیٹ سے کل آمدنی فراہم کریں۔
- آمدنی ورک شیٹ سے کل قابل اطلاق کٹوتی فراہم کریں۔.
- اگر آپ اس بات کی تصدیق کرنا چاہتے/چاہتی ہیں کہ آپ نے 2018 میں کوئی آمدنی وصول نہیں کی، تو دیئے گئے خانے کو نشان زد کریں اور ثبوت فراہم کریں، جیسے کہ، لیکن یہ انہی تک محدود نہیں ہیں، انٹرنل ریونیو سروس (IRS) کی جانب سے دستاویزات جو یہ بتاتی ہوں کہ 2018 میں ٹیکس ریٹرن فائل نہیں کئے گئے یا سوشل سیکیورٹی انتظامیہ (SSA) کی جانب سے ایک خط جو یہ بتاتا ہو کہ 2018 میں سوشل سیکیورٹی بینیفٹس نہیں وصول کئے گئے۔

اب جبکہ آپ نے اپنی آمدنی کی معلومات مکمل کر لی ہیں، آپ کو گھرانے کے ہر فرد کے لیے آمدنی کا سیکشن مکمل کرنا ہو گا۔ اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی 2018 کی آمدنی کا ثبوت منسلک کرنا مت بھولیں۔

گھرانے کی آمدنی کی معلومات

- گھرانے کے افراد کے پہلے اور آخری نام لکھیں۔
- دی گئی جگہ میں تاریخ پیدائش، سوشل سیکیورٹی نمبر فراہم کریں۔
- گھرانے کے ہر فرد کا خود (درخواست دہندہ) سے رشتہ بیان کریں، مثال کے طور پر شریک حیات، بہن/بھائی، ماں/باپ، بیٹی/بیٹا،پوتی/پوتا، نواسی/نواسا۔
- گھرانے کے افراد کی آمدنی کے تمام ذرائع کی نشان دہی کے لیے آمدنی کے چیک باکسز استعمال کریں۔ اگر قابل اطلاق ہو تو آمدنی کے دیگر ذرائع کی نشاندہی کریں۔
- صفحہ 8 پر آمدنی ورک شیٹ کی لائن 16 سے مجموعی آمدنی فراہم کریں
- صفحہ 8 پر آمدنی ورک شیٹ کی لائن 16 سے مجموعی قابل اطلاق کٹوتی فراہم کریں۔
- اگر آپ اس بات کی تصدیق کرنا چاہتے/چاہتی ہیں کہ گھرانے کے فرد نے 2018 میں کوئی آمدنی وصول نہیں کی، تو دیئے گئے خانے کو نشان زد کریں اور ثبوت منسلک کریں، جیسے کہ، لیکن یہ انہی تک محدود نہیں ہیں، انٹرنل ریونیو سروس (IRS) کی جانب سے دستاویزات جو یہ بتاتی ہوں کہ 2018 میں ٹیکس ریٹرن فائل نہیں کئے گئے، کل وقتی طلب علم ہونے کی تصدیق یا سوشل سیکیورٹی انتظامیہ (SSA) کی جانب سے ایک بیان جو یہ بتاتا ہو کہ 2018 میں SSA بینیفٹس نہیں وصول کئے گئے۔

سیکشن 4: اپارٹمنٹ کی قسم کی معلومات

کوالیفائنگ اپارٹمنٹ کی اس قسم کی نشاندہی کریں جس میں آپ رہائش پذیر ہیں۔ اپارٹمنٹ کی قابل اطلاق قسم کے لیے تمام مطلوبہ دستاویزات شامل کریں۔

سیکشن 5: تصدیق

تصدیق کو پڑھنے کے بعد دی گئی جگہوں پر دستخط کریں، اپنا نام لکھیں اور تاریخ درج کریں۔

حتمی پڑتال اور حوالہ ڈاک کرنا

اپنی درخواست کا جائزہ لیں اور یقینی بنائیں کہ تمام سوالات کے جوابات دے دیئے گئے ہیں۔ اپنے لیے اور گھرانے کے تمام افراد کے لیے 2018 کی آمدنی کے تمام ثبوتوں کی ایک نقل فراہم کریں۔ اگر قابل اطلاق ہو تو سیکشن 4 میں طلب کردہ کوئی اضافی دستاویزات فراہم کریں۔

اپنی درخواست کو یہاں بھجوائیں:
New York City Department of Finance, DRIE unit
59 Maiden Lane, 22nd Floor
New York, NY 10038

آپ ذاتی طور پر بھی درخواست جمع کروا سکتے/سکتی ہیں:
SCRIE/DRIE Walk-In Center
66 John Street, 3rd Floor
New York, NY 10038
پیر سے جمعہ، صبح 8:30 سے شام 4:30

FREEZE YOUR RENT

OFFICE USE ONLY: ☐ APPROVED ☐ DENIED ☐ PENDING

NYC Department of Finance

معذوریوں کے حامل افراد کا کرایہ میں اضافہ سے استثناء

ابتدائی درخواست

DRIE 2019

اس سے قبل کہ آپ شروعات کریں:

- یقینی بنائیں کہ آپ بطور بنیادی درخواست دہندہ آخری صفحے پر دستخط کریں۔
- اپنی مکمل شدہ درخواست اور تائیدی دستاویزات بذریعہ ڈاک یہاں بھیجیں: New York City Department of Finance, DRIE Unit, 59 Maiden Lane, 22nd Floor, New York, NY 10038.
- اگر آپ کو معاونت کی ضرورت ہو تو 311 پر کال کریں یا ہمیں **nyc.gov/contactdrie** پر پیغام بھیجیں۔

1- درخواست دہندہ کی معلومات

نام (پہلا، آخری)		
تاریخ پیدائش (mm/dd/yyyy)	سوشل سیکیورٹی نمبر	
اسٹریٹ ایڈریس		اپارٹمنٹ
شہر	ریاست	زپ
براہ کرم بتائیں کہ آپ کے اپارٹمنٹ میں کتنے کمرے ہیں ________	ٹیلی فون نمبر ( ) —	سیل نمبر ( ) —
ای میل ایڈریس	کیا آپ نے یا آپ کے/کی شریک حیات نے ماضی میں DRIE کے لیے درخواست دی ہے؟	☐ ہاں ☐ نہیں

معذوری کے وفاقی بینیفٹس جو آپ موجودہ طور پر وصول کر رہے/رہی ہیں: (تمام قابل اطلاق پر نشان لگائیں)

- ☐ ضمنی سیکیورٹی انشورنس (SSI)
- ☐ سوشل سیکیورٹی معذوری انشورنس (SSDI)
- ☐ سابقہ فوجی معاملات (VA) معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس
- ☐ ریاستہائے متحدہ پوسٹل سروس (USPS) معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس
- ☐ معذوری سے متعلقہ Medicaid اور ماضی میں SSI یا SSDI وصول کی ہو

2- کرایہ دار کے نمائندے کی معلومات

آپ اپنے نوٹسوں کی نقل (اپنے علاوہ) کسی دوسرے شخص کو بھجوانے کے لیے بھی کہہ سکتے/سکتی ہیں۔ براہ کرم کرایہ دار کے نمائندے کے متعلق مندرجہ ذیل سیکشن کو مکمل کر کے اپنے نمائندے کا نام اور پتہ فراہم کریں۔ نوٹ: اگر آپ مکمل نام اور پتہ فراہم نہیں کرتے/کرتیں تو آپ کے کرایہ دار کے نمائندے کو نوٹس نہیں بھیجا جا سکتا۔

نام (پہلا، آخری)	درخواست دہندہ سے رشتہ	
تنظیم	ٹیلی فون نمبر ( ) —	
اسٹریٹ ایڈریس		اپارٹمنٹ
شہر	ریاست	زپ
ای میل ایڈریس		

اگر آپ کو معاونت کی ضرورت ہے یا آپ معذوری سے متعلق کسی تشویش کی وجہ سے درخواست یا دستاویزات جمع کروانے سے قاصر ہیں تو براہ کرم 311 پر کال کریں اور معذوری کی خدمت کے سہولت کار (Disability Service Facilitator) کے بارے میں پوچھیں۔ اگر آپ کے SCRIE/DRIE پروگرام اور اس کے لیے درخواست کیسے دی جائے، اس بارے میں عمومی سوالات ہیں، تو براہ کرم 311 پر کال کریں یا **nyc.gov/contactscrie** یا **nyc.gov/contactdrie**۔

3- گھرانے کے افراد اور آمدنی

اپنے (درخواست دہندہ) لیے اور گھرانے کے ہر فرد کے لیے آگے آنے والا آمدنی کا سیکشن مکمل کریں۔ گھرانے کے تمام افراد کے لیے آمدنی کی تائیدی دستاویزات فراہم کی جانی چاہیئیں۔ کل آمدنی کا شمار کرنے کے لیے پری *کوالیفائنگ آمدنی ورک شیٹ* ملاحظہ کریں۔

اگر گھرانے کے دو سے زیادہ اضافی افراد آپ کے ساتھ رہائش پذیر ہیں تو ایک علیحدہ پرچے پر ان کی معلومات درج کریں اور اپنی درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔

درخواست دہندہ:

نام (پہلا، آخری)

آمدنی کے ذرائع

- ☐ اجرتیں
- ☐ سابقہ فوجیوں کے بینیفٹس
- ☐ سوشل سیکیورٹی انتظامیہ (SSA، SSDI، SSI)
- ☐ سود
- ☐ ریاستہائے متحدہ پوسٹل سروس بینیفٹس
- ☐ IRA / سالانہ وظیفہ کی کمائی
- ☐ پینشن
- ☐ اقامتی فرد (افراد) کی طرف سے آپ کو ادا کردہ کرایہ: ____________
- ☐ عوامی امداد
- ☐ کیپیٹل گین
- ☐ دیگر: ____________
- ☐ کارکنان کی اجرت
- ☐ کاروباری آمدنی

اگر آپ سال 2018 میں ریٹائر ہوئے/ہوئیں تو براہ کرم ریٹائرمنٹ کی تاریخ بتائیں: ____________

☐ 2018 میں میری کوئی آمدنی نہیں تھی	2018 کے لیے کل کٹوتیاں	2018 کی کل آمدنی

گھرانے کا فرد # 1:

نام (پہلا، آخری)

درخواست دہندہ سے رشتہ	سوشل سیکیورٹی نمبر	تاریخ پیدائش (mm/dd/yyyy)

آمدنی کے ذرائع

- ☐ اجرتیں
- ☐ سابقہ فوجیوں کے بینیفٹس
- ☐ سوشل سیکیورٹی انتظامیہ (SSA، SSDI، SSI)
- ☐ سود
- ☐ ریاستہائے متحدہ پوسٹل سروس بینیفٹس
- ☐ IRA / سالانہ وظیفہ کی کمائی
- ☐ پینشن
- ☐ دیگر: ____________
- ☐ عوامی امداد
- ☐ کیپیٹل گین
- ☐ کارکنان کی اجرت
- ☐ کاروباری آمدنی

☐ 2018 میں گھرانے کے اس فرد کی کوئی آمدنی نہیں تھی	2018 کے لیے کل کٹوتیاں	2018 کی کل آمدنی

گھرانے کا فرد # 2:

نام (پہلا، آخری)

درخواست دہندہ سے رشتہ	سوشل سیکیورٹی نمبر	تاریخ پیدائش (mm/dd/yyyy)

آمدنی کے ذرائع

- ☐ اجرتیں
- ☐ سابقہ فوجیوں کے بینیفٹس
- ☐ سوشل سیکیورٹی انتظامیہ (SSA، SSDI، SSI)
- ☐ سود
- ☐ ریاستہائے متحدہ پوسٹل سروس بینیفٹس
- ☐ IRA / سالانہ وظیفہ کی کمائی
- ☐ پینشن
- ☐ دیگر: ____________
- ☐ عوامی امداد
- ☐ کیپیٹل گین
- ☐ کارکنان کی اجرت
- ☐ کاروباری آمدنی

☐ 2018 میں گھرانے کے اس فرد کی کوئی آمدنی نہیں تھی	2018 کے لیے کل کٹوتیاں	2018 کی کل آمدنی

4- اپارٹمنٹ کی قسم (ایک منتخب کریں)

☐ **مستحکم شدہ کرایہ والا**

اگر نشان زد کیا ہو، تو براہ کرم یہ جمع کروائیں:

– آپ اور آپ کے مالک مکان، دونوں کی دستخط شدہ موجودہ اور سابقہ لیزز

– ترجیحی یا کم آمدنی ہاؤسنگ ٹیکس کریڈٹ (LIHTC) رائیڈر، اگر قابل اطلاق ہو

لیز کی مدت (ایک کو نشان زد کریں) ☐ 1 سال ☐ 2 سال

کیا یہ اس اپارٹمنٹ کے لیے آپ کی پہلی لیز ہے؟ ☐ ہاں ☐ نہیں ☐ معلوم نہیں

☐ **پابند کردہ کرایہ والا**

اگر نشان زد کیا ہو، تو براہ کرم یہ جمع کروائیں:

– موجودہ سال کا (اور سابقہ سال کا، اگر قابل اطلاق ہو) نوٹس آف انکریز ان میکسیمم بیس رینٹ اور میکسیمم کولیکٹ ایبل رینٹ فارم RN-26

– موجودہ سال کی (اور سابقہ سال کی، اگر قابل اطلاق ہو) اونرز رپورٹ اور سرٹیفیکیشن آف فیول کاسٹ ایڈجسٹمنٹ فارم RA33.10

☐ **منضبط کردہ کرایہ والا ہوٹل/سنگل روم سکونت (SRO)**

اگر نشان زد کیا ہو، تو براہ کرم یہ جمع کروائیں:

– ڈویژن برائے ہاؤسنگ و کمیونٹی تجدید (DHCR) کی جانب سے موجودہ اور سابقہ سال کی اپارٹمنٹ کی رجسٹریشن

– انتظامیہ یا مالک کی جانب سے موجودہ اور سابقہ کرایوں کی نشاندہی کرنے والا ایک خط

☐ **مچل لاما، لمیٹڈ ڈیویڈنڈ، ری ڈیولپمنٹ، ہاؤسنگ ڈیولپمنٹ فنڈ کمپنی (HDFC) کوآپریٹو، سیکشن 213 کوآپریٹو**

اگر نشان زد کیا ہو، تو براہ کرم یہ جمع کروائیں:

– کرایہ کے ریکارڈ کا پرنٹ آؤٹ یا آپ کی انتظامیہ کے دفتر کی جانب سے خط جس میں کرایہ میں پچھلے اضافے کی تاریخ اور اضافے سے قبل اور بعد میں ادا کی جانے والی رقم درج ہو۔ اگر یہ آپ کے اپارٹمنٹ میں منتقل ہونے کے بعد پہلا اضافہ ہے، تو براہ کرم وہ تاریخ درج کریں جب آپ اپنے اپارٹمنٹ میں منتقل ہوئے تھے/ہوئی تھیں۔

– 2018 کے لیے گھرانے کی آمدنی کا حلف نامہ، اگر قابل اطلاق ہو

نوٹ: اگر کسی میجر کیپیٹل امپرومنٹ (MCI) کی وجہ سے آپ کے کرایہ میں اضافہ ہوا تو ڈویژن برائے ہاؤسنگ و کمیونٹی تجدید (DHCR) کی منظوری کا حکم نامہ فراہم کریں۔

5- تصدیق

براہ کرم درج ذیل تصدیق نامہ غور سے پڑھیں اور اس پر دستخط کریں۔ اگر آپ دستخط نہیں کرتے/کرتیں تو آپ کی درخواست نامکمل رہے گی۔

میں قانون میں مذکور سزاؤں کے تحت بذریعہ ہذا تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ میں اس درخواست میں درج کردہ پتہ پر رہائش پذیر ہوں اور یہ کہ فراہم کردہ معلومات درست اور مکمل ہیں۔

میں سمجھتا/سمجھتی ہوں اور متفق ہوں کہ اگر میں گھرانے کے افراد کی تمام آمدنی، نیز اقامتی افراد کی جانب سے کرایہ کی مد میں مجھے ادا کی گئی رقوم، ظاہر کرنے میں ناکام رہوں تو مجھے بے جا طور پر وصول کردہ DRIE بینیفٹس کی پوری رقم بمعہ سود کے، سٹی کو واپس کرنے کا ذمہ دار قرار دیا جائے۔

میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ میری آمدنی بذریعہ شعبۂ مالیات تصدیق کے تابع ہے۔

بنیادی درخواست دہندہ کا نام لکھیں	بنیادی درخواست دہندہ کے دستخط	تاریخ
پاور آف اٹارنی/عدالت کی جانب سے مقررکردہ سرپرست کا نام لکھیں	پاور آف اٹارنی/عدالت کی جانب سے مقررکردہ سرپرست کے دستخط	تاریخ

اگر بنیادی درخواست دہندہ کی جانب سے پاور آف اٹارنی/عدالت کی جانب سے مقررکردہ سرپرست درخواست پر دستخط کر رہا ہے، تو پاور آف اٹارنی یا کورٹ کی دستاویزات درکار ہیں۔

1974 کے وفاقی رازداری کے ترمیم شدہ ایکٹ کے تحت سوشل سیکورٹی نمبروں کی درخواست کرنے والی ایجنسیوں پر ان افراد کو مطلع کرنا لازم ہوتا ہے جن سے یہ معلومات مانگی جاتی ہیں کہ آیا درخواست کی تعمیل رضاکارانہ ہے یا لازمی، درخواست کیوں کی جا رہی ہے اور معلومات کو کیسے استعمال کیا جائے گا۔ درخواست دہندگان اور آمدنی کے حامل مکینوں کے لئے سوشل سیکیورٹی نمبروں کا ظاہر کرنا لازمی ہے اور نیویارک شہر کے انتظامی کوڈ کے سیکشن 11-102.1 کے تحت لازمی ہے۔ کسی بھی رپورٹس یا ریٹرنز میں ظاہر کئے جانے والے سوشل سیکیورٹی نمبروں کی ٹیکس کے انتظامی مقاصد کے لئے درخواست کی جاتی ہے اور انہیں رپورٹس پر کارروائی کو آسان بنانے اور ٹیکس دہندگان کی شناخت کے لئے، جو شعبۂ مالیات کی جانب سے لاگو اور وصول کئے جانے والے ٹیکسوں کے تابع ہیں یا ہو سکتے ہیں، ایک یکساں نظام قائم کرنے اور اسے برقرار رکھنے کے لئے استعمال کیا جائے گا۔ سوشل سیکیورٹی نمبروں کو قانونی تقاضہ پورا کرنے کے لیے کسی دوسرے شعبے، شخص، ایجنسی یا ادارے کو ٹیکس گزار کے ریٹرن میں موجود معلومات کے حصے کے طور پر بھی ظاہر کیا جا سکتا ہے، یا اگر درخواست دہندہ یا آمدنی کے حامل مکینوں نے شعبۂ مالیات کو تحریری اجازت دی ہو۔

اس سے پہلے کہ آپ اپنی درخواست جمع کروائیں:

☐ کیا آپ نے اس بات کا یقین کرنے کے لئے درخواست کو چیک کیا کہ تمام سوالات کے جوابات دے دیئے گئے ہیں؟

☐ کیا آپ نے درخواست پر دستخط کئے اور تاریخ درج کی ہے؟

☐ کیا آپ نے اپنی عمر کا ثبوت شامل کیا ہے، جیسے کہ آپ کے پیدائش کے سرٹیفیکیٹ کی نقل یا حکومت کی جانب سے جاری کردہ فوٹو والی شناخت؟

☐ کیا آپ نے کرایہ کا ثبوت شامل کیا ہے، جیسا کہ درخواست کے سیکشن 4 میں بیان کیا گیا ہے؟

☐ کیا آپ نے اپنے اور کسی ساتھی کرایہ داروں سمیت، گھرانے کے تمام افراد کی 2018 کی آمدنی کا ثبوت شامل کیا ہے؟

☐ کیا آپ نے اس کا ثبوت شامل کیا ہے کہ آپ کو اہل بنانے والا معذوری کا بینیفٹ موصول ہو رہا ہے؟

اپنی آمدنی ثابت کرنے کے لیے:

– اپنے لیے اور گھرانے کے ہر فرد کے لیے 2018 کے وفاقی اور ریاستی ٹیکس ریٹرنز، اور کسی شیڈولز/منسلکات، کی نقول جمع کروائیں۔

یا، اپنے لیے اور ہر اس کرایہ دار کے لیے جس نے پچھلے سال ٹیکس ریٹرن داخل نہیں کروایا، آمدنی کی متبادل تصدیقی دستاویزات جمع کروائیں۔ متبادل تصدیقی دستاویزات میں یہ سب شامل ہیں، لیکن یہ انہی تک محدود نہیں ہیں:

– سوشل سیکیورٹی بینیفٹ کی اسٹیٹمنٹ

– IRA / سالانہ وظیفہ کی اختتام سال کی اسٹیٹمنٹ

– پینشن کی اسٹیٹمنٹ

– اقامتی فرد کی جانب سے کرایہ کی ادائیگیوں کی توثیق کرنے والا دستخط شدہ خط

– عوامی امداد کے بجٹ کا خط

– معذوری/کارکنان کے زر تلافی کی اسٹیٹمنٹس

– گھرانے میں رہنے والے بے روزگار طالب علموں کی جانب سے طالب علم ہونے کی حیثیت کا خط

– دوستوں اور اہل خانہ سمیت ایسے افراد کی جانب سے دستخط شدہ خطوط، جنہوں نے آپ کو رقم ادھار دی ہوئی ہے

اگر آپ کو معاونت کی ضرورت ہے یا آپ معذوری سے متعلق کسی تشویش کی وجہ سے درخواست یا دستاویزات جمع کروانے سے قاصر ہیں تو براہ کرم 311 پر کال کریں اور معذوری کی خدمت کے سہولت کار (Disability Service Facilitator) کے بارے میں پوچھیں۔ اگر آپ کے SCRIE/DRIE کے اور اس کے لیے درخواست کیسے دی جائے، اس بارے میں عمومی سوالات ہیں، تو براہ کرم 311 پر کال کریں یا nyc.gov/contactscrie یا nyc.gov/contactdrie پر ہمیں پیغام بھیجیں۔

اپنی درخواست جمع کروائیں:

بذریعہ ڈاک:
New York City Department of Finance
DRIE Unit
59 Maiden Lane, 22nd Floor
New York, NY 10038

ذاتی طور پر:
SCRIE/DRIE Walk-In Center
66 John Street, 3rd Floor
New York, NY 10038
پیر سے جمعہ، صبح 8:30 سے شام 4:30

نوٹ: یہ درخواست صرف اسی صورت میں ہی استعمال کی جا سکتی ہے اگر 01/01/2019 اور 12/31/2019 کے درمیان جمع کروائی جائے۔

آپ کو تمام تائیدی دستاویزات بجھوانی چاہیئں، بصورت دیگر آپ کی درخواست پر کارروائی نہیں کی جا سکتی۔

SCRIE/DRIE گھرانے کی آمدنی ورک شیٹ
(اپنے گھرانے کی آمدنی کا تخمینہ کیسے لگایا جائے)

براہ کرم منسلکہ آمدنی ورک شیٹ سے رجوع کریں۔ سابقہ سال کے لیے اپنے گھرانے کی مجموعی سالانہ آمدنی کا تعین کرنے کے لیے اس ورک شیٹ کو بطور ایک ٹول استعمال کریں۔ گھرانے کے ہر فرد کے لیے آمدنی کا سیکشن مکمل کریں۔ اگر گھرانے کے دو سے زیادہ اضافی افراد آپ کے ساتھ رہائش پذیر ہوں، تو ایک علیحدہ پرچے پر ان کی معلومات درج کریں اور اپنی درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔

اس سے قبل کہ آپ شروعات کریں، آپ کو:
- اپنے لیے اور گھرانے کے تمام افراد کے لیے 2018 کی آمدنی کی تمام دستاویزات اکٹھی کرنی چاہیئں۔
- موصول ہونے والی کل رقم آمدنی ورک شیٹ میں مطابقت رکھنے والی آمدنی کی قسم کے لیے مہیا کردہ خانوں میں درج کرنی چاہیئے۔

آمدنی کے ذرائع:

لائن 1 – سوشل سیکیورٹی بینیفٹس (SSA)
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں سوشل سیکیورٹی انتظامیہ سے وصول کردہ ریٹائرمنٹ یا پسماندہ کے کسی بینیفٹس کی کل جملہ رقم درج کریں۔ *SSA Form 1099، IRS Form 1040 سے رجوع کریں۔ Medicare/Medicaid کے تحت طبی اخراجات کی باز ادائیگیاں شامل نہ کریں۔*

لائن 2 – سوشل سیکیورٹی معذوری کی انشورنس (SSDI)
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے وصول کردہ سوشل سیکیورٹی معذوری کی آمدنی (SSDI) درج کریں۔ *2018 میں موصول شدہ بینیفٹس کے لیے بینیفٹس کے تمام ایوارڈ لیٹرز سے رجوع کریں۔*

لائن 3 – ضمنی سیکیورٹی انشورنس (SSI)
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں وصول کردہ ضمنی سیکیورٹی آمدنی (SSI) درج کریں۔ *2018 میں موصول شدہ بینیفٹس کے لیے بینیفٹس کے تمام ایوارڈ لیٹرز سے رجوع کریں۔*

لائن 4 – سابقہ فوجی معاملات (VA) معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس
اپنے اور گھرانے کے ان تمام افراد کے لیے تمام بینیفٹس کی کل جملہ رقم درج کریں جنہوں نے ریاستہائے متحدہ ڈیپارٹمنٹ برائے سابقہ فوجی معاملات سے VA بینیفٹس وصول کئے۔ ڈیپارٹمنٹ برائے سابقہ فوجی معاملات سے موصول شدہ بینیفٹ کے تمام خطوط کی نقول جمع کروائیں جو یہ بتاتے ہوں کہ 2018 میں کتنی رقم وصول کی۔

لائن 5 – ریاستہائے متحدہ پوسٹل سروس (USPS) معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس
اپنے اور گھرانے کے ان تمام افراد کے لیے تمام بینیفٹس کی کل جملہ رقم درج کریں جنہوں نے ریاستہائے متحدہ پوسٹل سروس سے USPS بینیفٹس وصول کئے۔ ریاستہائے متحدہ پوسٹل سروس سے موصول شدہ بینیفٹ کے تمام خطوط کی نقول جمع کروائیں جو یہ بتاتے ہوں کہ 2018 میں کتنی رقم وصول کی۔

لائن 6 – اجرتیں/تنخواہیں/ٹپس
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں وصول کردہ اجرتوں، تنخواہوں اور ٹپش کی کل رقم درج کریں۔ *W-2 خانہ 1، 1099-MISC خانہ 7، IRS Form 1040، NYS Form IT-201 سے رجوع کریں۔*

لائن 7 – پینشن
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں وصول کردہ اجرتوں، تنخواہوں اور ٹپش کی کل رقم درج کریں۔

لائن 8 – معذوری/کارکنان کے زر تلافی کی ادائیگیاں
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں وصول کردہ کارکنان کے زر تلافی کی کل رقم درج کریں۔ اپنی درخواست کے ساتھ اپنے ایوارڈ لیٹر کی ایک نقل جمع کروائیں۔

لائن 9 – قابل ٹیکس اور غیر قابل ٹیکس سود
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں وصول کردہ قابل ٹیکس اور غیر قابل ٹیکس سود کی کل رقم درج کریں۔ *1099-INT خانہ 1، IRS Form 1040، NYS Form IT-201 سے رجوع کریں۔*

لائن 10 – عوامی امداد نقد ایوارڈ
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں وصول کردہ کسی نقد امداد کی کل جملہ رقم درج کریں۔ اپنی درخواست کے ساتھ نقد امداد وصول کرنے والے گھرانے کے تمام افراد کے لیے بجٹ کے خط کی نقول جمع کروائیں۔ SNAP/فوڈ اسٹیمپس آپ کے گھرانے کی آمدنی میں شامل نہیں کی جانی چاہیئں۔

لائن 11 – کاروباری آمدنی
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں کاروباری ذرائع سے وصول کردہ خالص آمدنی درج کریں۔ *IRS Form 1040، NYS Form IT-201 سے رجوع کریں۔ کوئی نقصان شامل نہ کریں۔* خالص کاروباری آمدنی سے مراد جملہ وصولیاں منفی اخراجات ہے۔

لائن 12 – کیپیٹل گین
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں وصول کردہ تمام کیپیٹل گین کی کل رقم درج کریں۔ *IRS Form 1040، NYS Form IT-201 سے رجوع کریں۔ کوئی نقصان شامل نہ کریں۔*

لائن 13 – IRA کی کمائی
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں وصول کردہ IRA کی کمائی کی کل رقم درج کریں۔ 2018 کے لیے اپنی اختتام سال کی کمائی کی اسٹیٹمنٹ کی ایک کاپی منسلک کریں۔ *تقسیم کی کل رقوم شامل نہ کریں۔ IRA رول اوور یا مبادلہ شامل نہ کریں۔*

لائن 14 – سالانہ وظائف کی کمائی
اپنی اور گھرانے کے تمام افراد کی جانب سے 2018 میں وصول کردہ سالانہ وظائف کی کمائی کی کل رقم درج کریں۔ 2018 کے لیے اپنی اختتام سال کی کمائی کی اسٹیٹمنٹ کی ایک کاپی منسلک کریں۔ *تقسیم کی کل رقوم شامل نہ کریں۔*

لائن 15 – دیگر تمام آمدنی
2018 میں وصول کردہ دیگر تمام آمدنی درج کریں۔ آمدنی کے دیگر ذرائع میں کرایہ سے آمدنی، اقامتی افراد سے وصول کردہ کرایہ، اسٹیٹس اور ٹرسٹس سے موصول شدہ آمدنی، نان نفقہ، بچے کے خرچ کی ادائیگیاں، جوئے میں جیتی رقوم، قابل ٹیکس اور غیر قابل ٹیکس ڈیویڈنڈز، قرض کی منسوخی اور کرایہ کے لیے اہل خانہ/دوستوں سے موصول شدہ مالی معاونت، شامل ہوتے ہیں (لیکن یہ انہی تک محدود نہیں ہیں)۔

لائن 16 – لائن 1 سے لائن 15 تک جمع کریں اور رقم درج کریں۔

قابل اطلاق کٹوتیاں

لائن 17 – وفاقی انکم ٹیکسز
(W-2 خانہ 2، Form 1099- وفاقی انکم ٹیکس ودہیلڈ [withheld] خانہ یا Form 1040)

لائن 18 – ریاستی انکم ٹیکسز
(W-2 خانہ 17، Form 1099- ریاستی ٹیکس ودہیلڈ [withheld] خانہ یا Form IT-201)

لائن 19 – مقامی انکم ٹیکسز
(W-2 خانہ 19 یا Form IT-201)

لائن 20 – سوشل سیکیورٹی ٹیکسز
(W-2 خانہ 4)

لائن 21 – لائن 17 سے لائن 20 تک جمع کریں اور رقم درج کریں۔

گھرانے کی کل آمدنی

لائن 22 – لائن 16 سے لائن 21 منفی کریں اور رقم درج کریں۔

براہ کرم مکمل کریں لیکن اپنی درخواست کے ساتھ جمع نہ کروائیں

SCRIE/DRIE پری کوالیفائنگ ورک شیٹ

	موصول ہونے والی آمدنی کے ذرائع	درخواست دہندہ	گھرانے کا فرد 1 #	گھرانے کا فرد #2	مجموعے
1	(SSA) سوشل سیکیورٹی بینیفٹس *(IRS Form 1040 ،5 خانہ SSA-1099)*	$	$	$	$
2	(SSDI) سوشل سیکیورٹی معذوری کی انشورنس *(SSDI بینیفٹ کی اسٹیٹمنٹ)*	$	$	$	$
3	(SSI) ضمنی سیکیورٹی انشورنس *(SSI بینیفٹ کی اسٹیٹمنٹ)*	$	$	$	$
4	سابقہ فوجی معاملات (VA) معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس *(بینیفٹ کی سالانہ اسٹیٹمنٹ)*	$	$	$	$
5	ریاستہائے متحدہ پوسٹل سروس (USPS) معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس *(بینیفٹ کی سالانہ اسٹیٹمنٹ)*	$	$	$	$
6	اجرتیں/تنخواہیں/ٹپس *(IRS Form 1040، NYS Form IT-201 ،7 خانہ 1099-MISC ،1 خانہ W-2)*	$	$	$	$
7	پینشن *(IRS Form 1040 ،خانہ 1، پینشن اسٹیٹمنٹ سے کل سالانہ پینشن 1099R)*	$	$	$	$
8	معذوری/کارکنان کے زر تلافی کی ادائیگیاں *(ایوارڈ لیٹر منسلک کریں)*	$	$	$	$
9	قابل ٹیکس اور غیر قابل ٹیکس سود *(IRS Form 1040 ،1 خانہ 1099-INT)*	$	$	$	$
10	عوامی امداد نقد ایوارڈ *(PA بجٹ کا خط)*	$	$	$	$
11	کاروباری آمدنی *(NYS Form IT-201 ،کوئی نقصان شامل نہ کریں — IRS Form 1040)*	$	$	$	$
12	کیپیٹل گین *(کوئی نقصان شامل نہ کریں — IRS Form 1040، NYS Form IT-201)*	$	$	$	$
13	IRA کی کمائی *(کمائی کی اختتام سال کی اسٹیٹمنٹ— اپنی تقسیم کی رقم شامل نہ کریں)*	$	$	$	$
14	سالانہ وظائف کی کمائی *(کمائی کی اختتام سال کی اسٹیٹمنٹ— اپنی تقسیم کی رقم شامل نہ کریں)*	$	$	$	$
15	دیگر تمام آمدنی *(آمدنی کے ذرائع کی فہرست کے لیے FAQ رہنما سے رجوع کریں)*	$	$	$	$
16	**آمدنی کا مجموعہ (1 سے 15 تک لائنوں کو جمع کریں)** +	$	$	$	$
	قابل اطلاق کٹوتیاں				
17	وفاقی انکم ٹیکسز *(Form 1040 خانہ یا [withheld] وفاقی انکم ٹیکس ودہیلڈ Form 1099- ،2 خانہ W-2)*	$	$	$	$
18	ریاستی انکم ٹیکسز *(Form IT-201 خانہ یا [withheld] ریاستی ٹیکس ودہیلڈ Form 1099- ،17 خانہ W-2)*	$	$	$	$
19	مقامی انکم ٹیکسز *(Form IT-201 یا 19 خانہ W-2)*	$	$	$	$
20	سوشل سیکیورٹی ٹیکسز *(4 خانہ W-2)*	$	$	$	$
21	**کٹوتیوں کا مجموعہ (17 سے 20 تک لائنوں کو جمع کریں)** +	$	$	$	$
22	**کل آمدنی (لائن 16 منفی لائن 21)** −	$	$	$	$

آپ کی ماہانہ آمدنی کا تیسرا حصہ کتنا بنتا ہے؟

لائن 22 سے مجموعی رقم لیں: اور اس رقم کو 36 سے تقسیم (÷) کریں =	$

کیا یہ رقم موجودہ کرایہ سے زیادہ ہے جو آپ ادا کر رہے/رہی ہیں؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

اگر ہاں، تو شاید آپ اہل نہ ہوں۔ تاہم، آپ درخواست بھرنا جاری رکھ سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ کی درخواست پر انکار ہو جاتا ہے، تو آپ اگلے سال دوبارہ درخواست دے سکتے/سکتی ہیں۔

NYC Department of Finance
DRIE
2019

معذوریوں کے حامل افراد کا کرایہ میں اضافہ سے استثناء
کرایہ منجمد کرنے کی درخواست
اکثر پوچھے جانے والے سوالات (FAQs)

براہ کرم اپنی DRIE درخواست مکمل کرتے وقت مدد کے لیے یہ FAQs بطور حوالہ استعمال کریں۔

براہ کرم پڑھیں لیکن اپنی درخواست کے ساتھ جمع نہ کروائیں

1- DRIE کے لیے کون اہل ہے؟

- ✓ **DRIE** کے لیے کوالیفائی کرنے کے لیے درخواست دیتے وقت آپ کی عمر لازمی طور پر 18 سال یا زیادہ ہونی چاہیئے۔
- ✓ آپ کو وفاقی طور پر اہل بنانے والا معذوری کا کوئی بینیفٹ عطا ہونا چاہیئے، مثال کے طور پر: SSI، SSDI، VA معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس، USPS معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس، یا معذوری سے متعلقہ Medicaid اور ماضی میں SSI یا SSDI وصول کی ہو۔
- ✓ آپ کے گھرانے کی کل آمدنی (آپ کی اور آپ کے گھرانے کے تمام افراد کو حاصل ہونے والی آمدنی) $50,000 سے زیادہ نہیں ہو سکتی۔
- ✓ آپ اپنی ماہانہ آمدنی کے تیسرے حصے سے زیادہ رقم کرایہ پر خرچ کرتے/کرتی ہیں۔
  (نوٹ: آپ کی آمدنی کا تیسرا حصہ، آپ کی جانب سے موجودہ طور پر ادا کئے جانے والے کرایہ سے زیادہ نہیں ہو سکتا۔)
- ✓ آپ کو لازمی طور پر ایک منضبط کردہ کرایہ والے اپارٹمنٹ (مستحکم شدہ کرایہ والا، پابند کردہ کرایہ والا، منضبط کردہ کرایہ والا ہوٹل، یا مچل لاما، لمیٹڈ ڈیویڈنڈ، ری ڈیولپمنٹ، ہاؤسنگ ڈیولپمنٹ فنڈ کمپنی (HDFC) کوآپریٹو، سیکشن 213 کوآپریٹو) میں رہائش پذیر ہونا چاہیئے۔

اور

- ✓ لیز، نوٹس آف میکسیمم بیس رینٹ، یا رینٹ آرڈر پر آپ کا نام بطور بنیادی درخواست دہندہ ہونا چاہیئے۔

اگر آپ کا نام لیز، نوٹس آف میکسیمم بیس رینٹ، یا رینٹ آرڈر پر نہیں ہے، تو آپ کو وراثتی حقوق کا ثبوت مہیا کرنا ہو گا۔

نوٹ: آپ کو تمام مطلوبہ دستاویزات اپنی درخواست کے ساتھ بھیجنا ہوں گی۔ اگر آپ تمام مطلوبہ دستاویزات نہیں بھیجتے/بھیجتیں، تو آپ کی درخواست آپ کو واپس بھیج دی جائے گی۔

2- اگر میں DRIE پروگرام (کرایہ منجمد کرنے کا پروگرام) سے متعلقہ کسی مقررہ تاریخ سے رہ جاؤں تو میں کیا کر سکتا/سکتی ہوں؟
اگر کسی معذوری یا جسمانی یا ذہنی خلل کے باعث آپ کو اپنی درخواست جمع کروانے کے لیے مزید وقت درکار ہے، تو آپ اضافی وقت کی درخواست کر سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہے یا کسی معذوری یا اضافی وقت کی درخواست کرنے کی بابت آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو 311 پر کال کریں اور شعبۂ مالیات کے معذوری کی خدمت کے سہولت کار (Disability Service Facilitator) کے بارے میں پوچھیں؛ **nyc.gov/contactdofeeo** سے رابطہ کریں؛ یا پیر سے جمعہ، صبح 8:30 بجے سے شام 4:30 بجے کے درمیان 66 John Street, 3rd Floor, New York, N.Y. پر واقع ہمارے دفتر میں تشریف لائیں۔

چاہے آپ کسی معذوری یا جسمانی یا ذہنی خلل کا شکار نہیں بھی ہیں، پھر بھی آپ اپنی درخواست جمع کروانے کے عرصے کے دوران غیر معمولی حالات کی وجہ سے اہل ہو سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ کسی عارضی طبی حالت کی وجہ سے ہسپتال میں داخل رہے/رہی ہیں، یا آگ، سیلاب، کسی قدرتی آفت یا دیگر غیر معمولی حالات کے رونما ہونے کی وجہ سے آپ کے اپارٹمنٹ کو نقصان پہنچا ہے، تو آپ اپنی درخواست کے ساتھ اپنے دعوے کی تائید میں کسی دستاویزات کے ہمراہ ان مخصوص حالات کے بارے میں ایک بیان جمع کروا سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم 311 پر کال کریں یا **nyc.gov/contactdrie** پر ہمیں پیغام بھیجیں۔

3- کرایہ دار کا نمائندہ کون ہوتا ہے اور وہ کیسے میری مدد کر سکتا ہے؟
کرایہ دار کا نمائندہ یا کرایہ دار کا ریپ (rep) کوئی ایسا شخص ہوتا ہے جسے آپ اپنے نام پر آنے والے DRIE کے تمام نوٹسز کی نقل وصول کرنے کے لیے نامزد کرتے/کرتی ہیں اور وہ درخواست کی کارروائی کے دوران آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ کرایہ دار کا نمائندہ اہل خانہ، دوستوں، ہمسائیوں یا کمیونٹی تنظیموں میں سے ہو سکتا ہے۔ علاوہ ازیں، کرایہ دار کا نمائندہ عدالت کی طرف سے سرپرستی کے لیے مقرر کردہ کوئی بھی شخص ہو سکتا ہے، جیسے کہ گروپ ہوم لیڈر، اٹارنی، بزرگوں کی رہائش گاہ کا مینیجر، نرسنگ ہوم سہولت گاہ کا منتظم، سماجی خدمات کا منتظم، وغیرہ۔

کرایہ دار کا نمائندہ رکھنے سے آپ کی تشاویش ممکنہ طور پر کم ہو سکتی ہیں کیونکہ وہ آپ کی درخواست کی صورتحال اور/یا بینیفٹ سے متعلق اہم معلومات وصول کرے گا۔ ایسی صورتحال میں کہ ہمارا آپ سے رابطہ نہ ہو پا رہا ہو، آپ کو کوئی نوٹس نہ ملا ہو یا آپ کو موصول ہونے والے نوٹس کی سمجھ نہ آ رہی ہو، تو آپ کا کرایہ دار کا نمائندہ آپ کی معاونت کر سکے گا۔

4- کرایہ منجمد کرنے کے پروگرام کے مقصد کے لیے، کس کو گھرانے کا فرد سمجھا جاتا ہے؟
بنیادی درخواست دہندہ اور دوسرا کوئی بھی شخص جو مستقل طور پر اپارٹمنٹ میں رہتا ہو، اسے گھرانے کا فرد سمجھا جاتا ہے۔ ایک حقیقی کرایہ دار، اقامتی فرد یا ذیلی کرایہ دار جس کا گھرانے کے سربراہ سے کوئی رشتہ نہ ہو، اسے گھرانے کا فرد نہیں سمجھا جاتا۔ آپ کو درخواست پر گھرانے کے تمام افراد درج کرنا ہوں گے اور ان کی سابقہ سال کی آمدنی ظاہر کرنا ہو گی (آپ جب اپنی درخواست تیار کر رہے/رہی ہوں تو اس سے پہلے والا سال)۔ اگر گھرانے کے کسی فرد کی سابقہ سال میں کوئی آمدنی نہیں تھی، تو آپ کو یہ درخواست میں بتانا ہو گا اور کوئی آمدنی نہ ہونے کا ثبوت جمع کروانا ہو گا۔

5- کس کو گھرانے کا فرد نہیں سمجھا جاتا ہے؟
اقامتی افراد جن کے ساتھ آپ کا کرایہ داری کا معاہدہ ہوتا ہے اور جو آپ کو کرایہ ادا کرتے ہیں، انہیں گھرانے کے افراد نہیں سمجھا جاتا ہے۔ اہل خانہ کو اقامتی افراد نہیں سمجھا جاتا ہے۔ نوٹ: *اقامتی افراد آپ کے بعد بینیفٹ کے وارث نہیں بن سکتے۔* آپ کو اپنی درخواست پر اقامتی افراد کا اندراج نہیں کرنا ہوتا؛ تاہم آپ کو اقامتی فرد کی جانب سے ایک خط جمع کروا کر، جو یہ بتاتا ہو کہ وہ آپ کو ماہانہ کتنی رقم ادا کرتا ہے، وصول ہونے والے کرایہ کی رقم ظاہر کرنا ہو گی۔ *اقامتی فرد کی جانب سے وصول کی جانے والی آمدنی کی معلومات جمع نہ کروائیں۔*

6- اگر گھرانے کا کوئی فرد پہلے سے ہی SCRIE یا DRIE کا حامل ہے، تو کیا کوئی دوسرا فرد SCRIE یا DRIE کے لیے درخواست دے سکتا ہے؟
نہیں۔ قانون کسی گھرانے کو بیک وقت SCRIE اور DRIE کا حامل ہونے کی اجازت نہیں دیتا۔

7- اگر پچھلے سال میرے گھرانے کے افراد موجود تھے لیکن اب درخواست دینے کے وقت وہ میرے ساتھ نہیں رہتے، تو کیا ہو گا؟
اگر پچھلے سال آپ کے گھرانے کے افراد آپ کے ساتھ رہتے تھے لیکن موجودہ طور پر نہیں رہتے، تو ان کا اپنی درخواست پر اندراج کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی ان کی آمدنی کے بارے میں کوئی معلومات درکار ہیں۔

8- اگر بینیفٹ کا بنیادی وصول کنندہ وفات پا جائے یا مستقل طور پر نرسنگ ہوم میں داخل ہو جائے، تو کیا ہو گا؟
اگر بینیفٹ کا بنیادی وصول کنندہ وفات پا جائے، مستقل طور پر نرسنگ ہوم میں داخل ہو جائے یا کسی اور وجہ سے مستقل طور اپارٹمنٹ خالی کر دے، تو گھرانے کا کوئی ایسا فرد جو کرایہ منجمد کرنے کے پروگرام کی اہلیت کے معیار پر پورا اترتا ہو، پچھلی کسی درخواست پر اس کا نام درج ہو، اور جسے حقوق وراثت عطا ہوئے ہوں، بینیفٹ کا وارث بننے کا اہل ہو سکتا ہے۔ بینیفٹ کا وارث بننے کی درخواست بینیفٹ کے بنیادی وصول کنندہ کی وفات یا اپارٹمنٹ مستقل طور پر چھوڑ دینے کے 6 مہینے کے اندر، یا شعبۂ مالیات کی جانب سے منسوخی کا نوٹس بھجوائے جانے کے 90 دن کے اندر، جو تاریخ بھی بعد میں ہو، داخل کی جانی چاہیئے۔

اگر آپ گھرانے کے باقی رہ جانے والے/والی فرد ہیں اور SCRIE یا DRIE کے لیے اہلیت کے تمام تقاضے پورے کرتے/کرتی ہیں، تو آپ کو مندرجہ ذیل دستاویزات لازمی طور پر جمع کروانی چاہیئیں:

اپنے لیے: بینیفٹ کا وارث بننے کی درخواست اور
لیز/کرایہ کا معاہدہ جو آپ کو کرایہ دار یا شریک کرایہ دار دکھاتا ہو یا
آپ کی عمارت کی انتظامیہ کی جانب سے خط جس میں یہ بیان کیا گیا ہو کہ آپ کو اپارٹمنٹ کے حقوق وراثت حاصل ہیں یا
ایک عدالتی حکم جو آپ کو پارٹمنٹ کے حقوق وراثت عطا کرتا ہو

بینیفٹ کے بنیادی وصول کنندہ کے لیے: وفات کا سرٹیفیکیٹ فراہم کر کے اس بات کا ثبوت کہ بینیفٹ کا بنیادی وصول کنندہ وفات پا گیا ہے۔ بینیفٹ کے ایسے بنیادی وصول کنندہ کے لیے جو اپارٹمنٹ مستقل طور پر چھوڑ گیا ہو، ثبوت میں نرسنگ ہوم کی جانب سے خط، آپ کے مکان مالک یا انتظامی ایجنٹ کی جانب سے خط، یا وفاقی، ریاستی یا مقامی حکومت کا جاری کردہ ID جو نیا پتہ دکھاتا ہو، شامل ہو سکتا ہے۔

9- میں اپنے گھرانے کی کل آمدنی کو کیسے شمار کروں؟
گھرانے کی کل سالانہ آمدنی آپ کی سالانہ آمدنی اور گھرانے کے تمام افراد کی سالانہ آمدنی کا مجموعہ ہوتی ہے۔ گھرانے کی کل آمدنی، قابل اجازت کٹوتیوں کے بعد، لازمی طور پر $50,000 یا کم ہونی چاہیئے۔ وفاقی، ریاستی، مقامی اور سوشل سیکیورٹی ٹیکسز قابل اجازت کٹوتیاں ہیں۔ آپ 2018 کی اپنی کل وِدہیلڈ (withheld) رقوم کا استعمال کر کے یا IRS Form 1040؛ Form IT-201 میں درج شدہ اپنے کل تخمینہ شدہ ٹیکسز کو شامل کر کے اس کا حساب کر سکتے/سکتی ہیں۔ نوٹ: اپنے روزگار والے افراد Medicare کی ادائیگیوں کی کٹوتی نہیں کر سکتے؛ آپ کے سوشل سیکیورٹی ٹیکسز آپ کے وفاقی خود روزگاری ٹیکس کے 81% پر مشتمل ہوتے ہیں۔

درخواست دہندہ کی **سابقہ سال** کی سالانہ آمدنی — گھرانے کے افراد کی **سابقہ سال** کی سالانہ آمدنی — گھرانے کی **سابقہ سال** کی سالانہ آمدنی

مثال کے طور پر، اگر آپ کے گھرانے کی سالانہ آمدنی یہ ہے:	تو آپ کے گھرانے کی ماہانہ آمدنی یہ ہو گی:	اہل ہونے کے لیے، آپ کا موجودہ ماہانہ کرایہ اس سے زیادہ ہونا چاہیئے:
$15,000.00	$1,250.00	$416.67
$20,000.00	$1,666.67	$555.56
$25,000.00	$2,083.33	$694.44
$30,000.00	$2,500.00	$833.33
$35,000.00	$2,916.67	$972.22
$40,000.00	$3,333.33	$1,111.11
$50,000.00	$4,166.67	$1,388.89

میں اپنی آمدنی کے تیسرے حصے کا تعین کیسے کروں؟

اپنے گھرانے کی کل سالانہ آمدنی کا شمار کریں اور اسے 36 سے تقسیم کر دیں۔

(اپنے گھرانے کی کل سالانہ آمدنی کا تعین کرنے کے لیے آمدنی ورک شیٹ ملاحظہ کریں۔)

10- میرے منجمد شدہ کرایہ کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟
ہم آپ کا کرایہ یا تو آپ کے سابقہ کرایہ کی رقم پر یا آپ کی آمدنی کے تیسرے حصے پر، ان میں سے جو بھی زیادہ ہو، منجمد کر دیتے ہیں۔

11- اگر میں نے سابقہ سالوں میں کوالیفائی نہیں کیا، تو کیا میں دوبارہ درخواست دے سکتا/سکتی ہوں؟
ہاں۔ مثال کے طور پر: اگر آپ نے اپنی 2017 کی آمدنی کی بنیاد پر کوالیفائی نہیں کیا اور آپ کی 2018 کی آمدنی اس سے کم ہے، تو آپ 2019 میں دوبارہ درخواست دے سکتے/سکتی ہیں اور 2018 کی آمدنی کا تمام مطلوبہ ثبوت جمع کروا سکتے/سکتی ہیں۔

12- اگر میں بذات خود درخواست پر دستخط کرنے سے قاصر ہوں تو کیا ہو گا؟
ایک مستند پاور آف اٹارنی (POA) کا حامل شخص یا عدالت کا مقررکردہ سرپرست بنیادی درخواست دہندہ کی جانب سے دستاویزات پر دستخط کر سکتا ہے۔ براہ کرم درخواست کے ساتھ پاور آف اٹارنی یا عدالت کا حکم نامہ جمع کروائیں تاکہ DRIE معلومات فائل میں محفوظ رکھ سکے اور یقینی بنا سکے کہ DRIE کی تمام خط و کتابت کی نقول POA یا سرپرست کو بھیجی جائیں۔

13- قابل اطلاق کٹوتیاں کون سی ہیں؟
وفاقی، ریاستی، سٹی کے اور سوشل سیکیورٹی ٹیکسز قابل اطلاق کٹوتیاں ہیں۔ آپ 2018 میں اپنے ودہیلڈ (withheld) ٹیکسز یا کل تخمینہ شدہ ٹیکسز میں سے زیادہ کا انتخاب کر سکتے/سکتی ہیں۔ نوٹ فرمائیں کہ Medicare کی ادائیگیاں قابل اطلاق کٹوتی نہیں ہوتی ہیں۔

14- آمدنی میں کیا کچھ شامل ہے، جو مجھے اہلیت کے تعین کے لیے بتانا ہو گا؟
ذیل میں آمدنی کے ذرائع کی ایک فہرست دی گئی ہے جنہیں DRIE پروگرام زیر غور لاتا ہے۔ اگر آپ اور آپ کے گھرانے کے افراد ان میں سے کسی ذریعے سے کوئی آمدنی وصول کرتے ہیں، تو آپ کو یہ معلومات درخواست کے ساتھ فراہم کردہ *آمدنی ورک شیٹ* میں درج کرنا ہوں گی اور مطلوبہ دستاویزی ثبوت، جیسا کہ بتایا گیا ہے، ساتھ منسلک کرنا ہو گا۔

- سوشل سیکیورٹی (SSA، SSDI، SSI)
  (SSA-1099 کی نقل یا SSI بینیفٹ کے ایوارڈ لیٹر کا پرنٹ آؤٹ منسلک کریں)
- اجرتیں/تنخواہیں/ٹپس
  (W-2 بشمول خود روزگار منسلک کریں)
- کاروباری آمدنی
  (شیڈول C، S-Corp ٹیکس ریٹرن K-1 کے ساتھ یا شراکت ٹیکس ریٹرن منسلک کریں)
- قابل ٹیکس اور غیر قابل ٹیکس سود
  (تمام 1099-INT اور غیر قابل ٹیکس سود کے لیے اختتام سال کی اسٹیٹمنٹس منسلک کریں)
- قابل ٹیکس اور غیر قابل ٹیکس ڈیویڈنڈز
  (تمام 1099-DIV اور غیر قابل ٹیکس ڈیویڈنڈز کے لیے اختتام سال کی اسٹیٹمنٹس منسلک کریں)
- IRA کی کمائی
  (کمائی کردہ سود، ڈیویڈنڈز یا کیپیٹل گین کی نقل منسلک کریں)۔ اپنی تقسیم کی رقم شامل نہ کریں۔
- پینشن، سالانہ وظائف اور ریٹائرمنٹ کے منصوبہ جات
  (1099R اسٹیٹمنٹس منسلک کریں اور قابل ٹیکس اور غیر قابل ٹیکس پینشنز شامل کریں)
- سابقہ فوجی معاملات (VA) معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس
  (بینیفٹ کی سالانہ اسٹیٹمنٹ منسلک کریں)
- ریاستہائے متحدہ پوسٹل سروس (USPS) معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس
  (بینیفٹ کی سالانہ اسٹیٹمنٹ منسلک کریں)
- کیپیٹل گین
  (مالیاتی اداروں کی جانب سے کیپیٹل گین کی اسٹیٹمنٹس شامل کریں)۔
- کرایہ سے آمدنی
  (تمام پراپرٹیز سے موصول شدہ)
- اقامتی فرد سے وصول کردہ کرایہ
- کرایہ میں معاونت (امدادی رقم)
- کرایہ کے لیے اہل خانہ اور/یا دوستوں سے موصول شدہ رقم
  (ایک خط منسلک کریں جو یہ بتاتا ہو کہ آپ نے کس سے رقم وصول کی ہے اور کتنی وصول کی ہے)
- معذوری/کارکنان کے زر تلافی کی ادائیگیاں / بیروزگاری بیمے کے بینیفٹس
  (ایوارڈ لیٹر منسلک کریں)
- اسٹیٹس اور ٹرسٹس سے موصول شدہ آمدنی
  (اسٹیٹ یا ٹرسٹ کا انکم ٹیکس ریٹرن منسلک کریں)
- نان نفقہ اور/یا بچے کے خرچ کی ادائیگیاں جو آپ کو موصول ہوئیں
  (عدالتی حکم نامہ منسلک کریں)
- جوئے/لاٹری میں جیتی ہوئی رقوم *(1099-MISC منسلک کریں)*
- عوامی امداد اور/یا آمدنی کے دیگر ذرائع
  (ثبوت منسلک کریں)
- قرض کی منسوخی

15- اہلیت کے تعین کے وقت کون سی آمدنی مستثنیٰ سمجھی جاتی ہے جس کا بتانے کی آپ کو ضرورت نہیں ہوتی ہے؟

- نقدی کی صورت میں تحائف
- ترکہ
- خود کو پہنچنے والی چوٹ کے مقدمے کے فیصلہ سے ملا ہرجانہ
- توانائی میں معاونت کی ادائیگیاں
- انکم ٹیکس ریفنڈ
- IRA رول اوورز (ریٹائرمنٹ کے دیگر اکاؤنٹس میں رول اوور میں IRAs)
- غذائی امداد کے ضمنی پروگرام (SNAP) کے بینیفٹس، جسے پہلے فوڈ اسٹیمپ پروگرام کہا جاتا تھا

براہ کرم پڑھیں لیکن اپنی درخواست کے ساتھ جمع نہ کروائیں

-16 اگر آپ کی یا آپ کے گھرانے کے کسی فرد کی سابقہ سال میں کوئی آمدنی نہیں تھی، تو کیا ہو گا؟
ذیل میں ان دستاویزات کی ایک فہرست دی گئی ہے، جو آپ کے یہ بتانے پر کہ آپ کی اور/یا آپ کے گھرانے کے کسی فرد کی سابقہ تقویمی سال میں کوئی آمدنی نہیں تھی، ہمارے لیے قابل قبول ہوں گی:

- ✓ IRS کے نان فائلنگ خط کی تصدیق یا
- ✓ کل وقتی طالب علم ہونے کا تصدیقی خط یا
- ✓ سوشل سیکیورٹی انتظامیہ کی جانب سے ایک خط جو یہ بتاتا ہو کہ آپ نے 2018 کے دوران بینیفٹس وصول نہیں کئے

-17 وفاقی طور پر اہل بنانے والی معذوری کا بینیفٹ وصول کرنے کے ثبوت کے طور پر کون سی دستاویزات قابل قبول ہیں؟

- ✓ اگر آپ کو DRIE کے لیے درخواست دینے سے تھوڑا عرصہ قبل ہی معذوری کا بینیفٹ عطا ہوا ہے، تو ہم کہیں گے کہ آپ سابقہ تقویمی سال کے لیے آمدنی کی تمام دیگر دستاویزات کے علاوہ ایوارڈ لیٹر کی ایک نقل بھیجیں۔
- ✓ اگر آپ SSI وصول کر رہے/رہی ہیں، تو براہ کرم سابقہ سال کے لیے SSI کی ادائیگیوں کی تفصیلات کا خط بھیجیں۔
- ✓ اگر آپ SSDI وصول کر رہے/رہی ہیں، تو آپ جس سال میں درخواست جمع کروا رہے/رہی ہیں، اس سے سابقہ سال کے لیے SSA–1099 Form بھیج سکتے/سکتی ہیں (مثال: اگر آپ 2019 میں درخواست جمع کروا رہے/رہی ہیں، تو آپ کو 2018 کے لیے SSA–1099 Form جمع کروانا ہو گا)۔
- ✓ اگر آپ VA معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس وصول کر رہے/رہی ہیں، تو براہ کرم سابقہ سال کی ادائیگیوں کی تفصیلات کا خط بھیجیں۔
- ✓ اگر آپ USPS معذوری کی پینشن یا معذوری کے زر تلافی کے بینیفٹس وصول کر رہے/رہی ہیں، تو براہ کرم سابقہ سال کی ادائیگیوں کی تفصیلات کا خط بھیجیں۔
- ✓ اگر آپ موجودہ طور پر معذوری سے متعلقہ Medicaid وصول کر رہے/رہی ہیں، تو براہ کرم اپنے سوشل سیکیورٹی نوٹس آف ایوارڈ خط کی ایک نقل، یا اس بارے میں دیگر ثبوت کہ آپ کو SSI یا SSDI بینیفٹ پہلی دفعہ کب عطا ہوا تھا، بھیجیں۔

-18 میں سابقہ سال کے دوران ریٹائر ہوا/ہوئی اور اس سال میری آمدنی وہ نہیں ہے۔ مجھے آمدنی کی کون سی معلومات جمع کروانے کی ضرورت ہے؟
آپ کو اجرتوں سمیت سابقہ سال کی اپنی کل آمدنی اور ریٹائرمنٹ کی آمدنی کی معلومات اور اپنے سابقہ آجر کی طرف سے ایک خط جس میں آپ کی ریٹائرمنٹ کی تاریخ بتائی گئی ہو، جمع کروانے ہوں گے۔ ہم آپ کی ریٹائرمنٹ کی آمدنی کی 12 مہینوں کے لیے پیش بینی کریں گے۔

-19 کیا میرا اپارٹمنٹ اہل ہے؟
آپ کا اپارٹمنٹ مستحکم شدہ کرایہ والا، پابند کردہ کرایہ والا، مچل لاما، لمیٹڈ ڈیویڈنڈ، ری ڈیولپمنٹ، ہاؤسنگ ڈیولپمنٹ فنڈ کمپنی (HDFC) کوآپریٹو، سیکشن 213 کوآپریٹو، یا کرایہ کا مطالبہ/سنگل روم سکونتی یونٹ ہونا چاہیئے۔

-20 اپارٹمنٹس کی کون سی اقسام اہل نہیں ہیں؟
اگر آپ کا اپارٹمنٹ غیر منضبط کردہ کرایہ والا ہے (مارکیٹ کا جائز کرایہ)، تو آپ اہل نہیں ہیں۔
اگر آپ کا اپارٹمنٹ غیر منضبط کردہ کرایہ والا کوآپریٹو ہے، تو آپ اہل نہیں ہیں۔
اگر آپ سیکشن 8 کے تحت امدادی رقم وصول کر رہے/رہی ہیں، تو آپ اہل نہیں ہیں۔
اگر آپ 1، 2 یا 3 خاندان والے گھر میں رہتے/رہتی ہیں، تو آپ اہل نہیں ہیں۔
اگر آپ کے پاس ضمنی لیز ہے، تو آپ اہل نہیں ہیں۔
اگر آپ NYCHA ڈیولپمنٹ میں رہتے/رہتی ہیں، تو آپ اہل نہیں ہیں۔
اگر آپ مین ہٹن، برونکس، بروکلین، کوئینز یا اسٹیٹن آئی لینڈ سے باہر رہتے/رہتی ہیں، تو آپ اہل نہیں ہیں۔

-21 میرا اپارٹمنٹ منضبط کردہ کرایہ والا ہے، اس کے ثبوت میں مجھے کون سی دستاویزات جمع کروانا ہوں گی؟

مستحکم شدہ کرایہ کے لیے: آپ کو اپنی موجودہ لیز (درخواست دیتے وقت آپ کی جو لیز مؤثر ہے) اور اپنی سابقہ لیز (آپ کی موجودہ لیز کے شروع ہونے سے پہلے والی لیز جس کی معیاد ختم ہو گئی تھی) جمع کروانا ہوں گی۔ لیزز پر آپ اور مکان مالک، دونوں کے دستخط ہوں۔

پابند کردہ کرایہ والے کرایہ داروں کے لیے: آپ کو اپنی موجودہ اور سابقہ اونرز رپورٹ اور سرٹیفیکیشن آف فیول کاسٹ ایڈجسٹمنٹ، جو فیول کاسٹ ایڈجسٹمنٹ فارم (فارم RA33.10) بھی کہلاتا ہے، اپنے موجودہ اور سابقہ نوٹس آف میکسیمم کولیکٹ ایبل رینٹ (فارم RN-26) کے ساتھ لازمی طور پر جمع کروانے چاہیئیں۔

منضبط کردہ کرایہ والے ہوٹل، سنگل روم سکونتی یونٹ (SRO) والے کرایہ داروں کے لیے: آپ کو اپنے مکان مالک کا دستخط شدہ کرایہ بڑھنے کا خط اور DHCR کا کرایہ کا ریکارڈ یا DHCR کی اپارٹمنٹ رجسٹریشن لازمی طور پر جمع کروانے چاہیئیں۔

مچل لاما، لمیٹڈ ڈیویڈنڈ، ری ڈیولپمنٹ، ہاؤسنگ ڈیولپمنٹ فنڈ کمپنی (HDFC) کوآپریٹو اور سیکشن 213 کوآپریٹو میں رہائش پذیر کرایہ داروں کے لیے: آپ کو یہ جمع کروانا ہو گا: ریکارڈ کا پرنٹ آؤٹ یا آپ کی انتظامیہ کے دفتر کی جانب سے خط جس میں کرایہ میں پچھلے اضافے کی تاریخ، اضافے سے قبل ادا کی جانے والی رقم اور کرایہ میں اضافے کے بعد ادا کی جانے والی رقم درج ہو؛ اور گھرانے کی آمدنی کا ایک حلف نامہ، اگر قابل اطلاق ہو۔

22- میں کرایہ کی جو رقم ادا کرتا/کرتی ہوں وہ قانونی کرایہ (اسے اکثر ترجیحی کرایہ کے طور پر جانا جاتا ہے) سے کم ہے، میرے منجمد شدہ کرایہ کا شمار کیسے کیا جائے گا؟
عمومی طور پر ہم کرایہ کو قانونی کرایہ کی رقم پر منجمد کرتے ہیں۔ تاہم، درج ذیل منظرناموں میں کچھ استثنات بھی ہوتے ہیں:

i) اگر آپ کی لیز ایسی ہے جس کے ہمراہ ایک ترجیحی کرایہ لیز رائیڈر ہے جو واضح طور پر بتاتا ہے کہ کم کرایہ آپ کی کرایہ داری کی پوری مدت کے لیے نافذ رہے گا، تو آپ کا کرایہ سابقہ ترجیحی کرایہ یا آپ کی ماہانہ آمدنی کے تیسرے حصے پر منجمد کر دیا جائے گا، ان میں سے جو بھی زیادہ ہو۔

ii) اگر آپ ایک کم آمدنی ہاؤسنگ ٹیکس کریڈٹ (LIHTC) یونٹ میں رہتے/رہتی ہیں اور آپ ایک LIHTC رینٹ رائیڈر مہیا کرتے/کرتی ہیں، تو آپ کا کرایہ آپ کی سابقہ LIHTC کرایہ کی رقم یا آپ کی ماہانہ آمدنی کے تیسرے حصے پر منجمد کر دیا جائے گا، ان میں سے جو بھی زیادہ ہو۔

23- میجر کیپیٹل امپرووومنٹ (MCI) پر میرے اخراجات اٹھے ہیں، کیا DRIE ان کی ادائیگی کرے گا؟
ہاں۔ اگر میجر کیپیٹل امپرووومنٹ (MCI) کا حکم نامہ آپ کی درخواست کی تاریخ کے 90 دن کے اندر جاری ہوا تھا، تو فنانس اس اضافے کی ذمہ داری اٹھائے گا۔
نوٹ: اگر میجر کیپیٹل امپرووومنٹ (MCI) کا حکم نامہ آپ کی طرف سے درخواست جمع کروائے جانے سے 90 دن سے زیادہ عرصہ پہلے جاری ہوا تھا، تو آپ اس MCI اضافے کی ادائیگی کے خود ذمہ دار ہوں گے/گی۔ MCI آپ کے منجمد شدہ کرایہ کی رقم میں جمع کیا جائے گا۔

24- اگر میں اپنے بینیفٹ یا درخواست کے طریقہ کار کے متعلق کوئی سوالات پوچھنا چاہوں تو کس سے رابطہ کر سکتا/سکتی ہوں؟
اگر آپ کو کمپیوٹر تک رسائی حاصل ہے تو آپ DRIE کے متعلق سوالات کے لیے شعبۂ مالیات کی ویب سائٹ **nyc.gov/contactdrie** ملاحظہ کر کے اپنا سوال جمع کروا سکتے/سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ، آپ 311 پر کال کر سکتے/سکتی ہیں یا ہمارے مذکورہ ذیل واک ان سنٹر میں تشریف لا سکتے/سکتی ہیں:
66 John Street, 3rd Floor
New York, NY, 10038
اوقات کار: پیر سے جمعہ صبح 8:30 سے شام 4:30

اگر آپ کو معاونت کی ضرورت ہے یا آپ معذوری سے متعلق کسی تشویش کی وجہ سے درخواست یا دستاویزات جمع کروانے سے قاصر ہیں تو براہ کرم 311 پر کال کریں اور معذوری کی خدمت کے سہولت کار (Disability Service Facilitator) کے بارے میں پوچھیں۔ اگر آپ کے SCRIE/DRIE پروگرام اور اس کے لیے درخواست کیسے دی جائے، اس بارے میں عمومی سوالات ہیں، تو براہ کرم 311 پر کال کریں یا **nyc.gov/contactscrie** یا **nyc.gov/contactdrie** پر ہمیں پیغام بھیجیں۔

25- میری درخواست یا بینیفٹ کے متعلق جو فیصلہ کیا گیا ہے، اگر مجھے اس کی سمجھ نہ آئے تو میں کس سے رابطہ کروں؟
کرایہ منجمد کرنے کے پروگرام کے تمام درخواست دہندگان جنہیں استثناء کی منظوری، انکار یا منسوخی کا باضابطہ نوٹس ملا ہے، انہیں اس بات کا حق حاصل ہے کہ وہ اپنی SCRIE/DRIE درخواست اور بینیفٹ سے متعلقہ تشاویش کے حل کے لیے مدد حاصل کریں۔ آپ کی طرف سے درخواست کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد SCRIE/DRIE محتسب آپ کی درخواست یا بینیفٹ سے متعلقہ مسائل کی شناخت اور انہیں حل کر سکتا ہے۔ آپ DOF کی ویب سائٹ ملاحظہ کر کے **nyc.gov/contactscrieombuds** پر SCRIE سے متعلق مدد یا **nyc.gov/contactdrieombuds** پر DRIE سے متعلقہ مدد کے لیے ان سے رابطہ کر سکتے/سکتی ہیں۔

26- میں فارم کیسے حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟
تمام فارم ہماری ویب سائٹ **nyc.gov/rentfreeze** ملاحظہ کر کے ڈاؤن لوڈ کئے جا سکتے ہیں۔ فارم ہمارے واک ان سنٹر میں بھی دستیاب ہیں۔ آپ 311 پر کال کر کے فارم بذریعہ ڈاک حاصل کرنے کی درخواست بھی کر سکتے/سکتی ہیں۔

27- اگر مجھے اپنی لیز سے متعلق مسائل درپیش ہوں یا اگر مجھے اپنے قانونی کرایہ کی رقم پر اعتراض کرنا ہو، تو میں کیا کر سکتا/سکتی ہوں؟
لیز سے متعلقہ سوالات کے لیے، کرایہ پر اعتراضات کے حل کے لیے، یا اگر مکان مالک نے آپ کو لیز فراہم نہیں کی تو اس کی شکایت درج کروانے کے لیے، کرایہ داران ڈویژن برائے ہاؤسنگ و کمیونٹی تجدید (DHCR) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ DHCR سے اس طرح رابطہ کیا جا سکتا ہے:

ذاتی طور پر: Gertz Plaza, 92-31 Union Hall Street, Jamaica, New York 11433

بذریعہ فون: 718-739-6400

بذریعہ ای میل: RentInfo@nyshcr.org **صرف مچل لاما کے لیے۔**

28- اگر اپنے اپارٹمنٹ کے کرایہ کی رقم کے بارے میں میرے کوئی سوالات ہوں، تو میں کیا کر سکتا/سکتی ہوں؟
سٹی کی اسپانسر کردہ مچل لاما ڈیولپمنٹس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہ کرم نیویارک سٹی ڈیپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈیولپمنٹ (HPD) سے رابطہ کریں:

بذریعہ فون: 212-863-6500

بذریعہ ای میل: Mitchell-Lama@hpd.nyc.gov

ریاست کی اسپانسر کردہ مچل لاما ڈیولپمنٹس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہ کرم نیویارک اسٹیٹ ہاؤسنگ و کمیونٹی تجدید (HCR) سے رابطہ کریں:

بذریعہ فون: 866-463-7753

ان کی ویب سائٹ یہاں ملاحظہ کریں: http://nyshcr.gov/AboutUs/Offices/HousingOperations/faqs.htm